© rasailojaraid.com



نسیم پلازہ نزد دس بلڈ چوک نشتر روڈ کراچی سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## ماہنامہ ترجمان اہل سنّت لاہور

سُنی تحریک طلبہ، تحریکِ خدام اہل سُنت کی ذیلی تنظیم ہے جو حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب مدظلہ کی سرپرستی میں طلبہ کے محاذ پر کام کر رہی ہے۔ ماہنامہ ترجمانِ اہل سُنت اس کا آرگن ہے جو مولانا حافظ عبد الحق خان بشیر کی زیر نگرانی شائع ہو رہا ہے۔ زیر نظر شمارہ مختلف معلوماتی مضامین پر مشتمل ہے۔ ایک پرچہ کی قیمت تین روپے اور سالانہ زرِ خریداری ۳۶/- روپے ہے۔ خط و کتابت مرکزی دفتر سنی تحریک طلبہ، مدرسہ حیات النبیؐ، محلہ حیات النبیؐ گجرات کے پتہ پر کی جا سکتی ہے۔

## عید میلاد کی تاریخی و شرعی حیثیت

یہ ہفت روزہ الاعتصام لاہور کے مُدیر جناب حافظ محمد صلاح الدین یوسف کے ان مضامین کا مجموعہ ہے جو انہوں نے بارہ ربیع الاوّل کو جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے حوالہ سے منائی جانے والی "عید میلاد" کی شرعی حیثیت کے بارے میں مختلف اوقات میں تحریر کیے۔

ان مضامین میں دلائل کے ساتھ اس امر کی وضاحت کی گئی ہے کہ قرونِ اولیٰ میں اس عید کا کوئی وجود نہیں تھا اور مسلّمہ شرعی دلائل کی روشنی میں اس کی کوئی شرعی حیثیت نہیں ہے۔ ملنے کا پتہ مکتبہ ضیاء الحدیث، مصطفےٰ آباد، لاہور

## انڈین یونین میں مسلمانوں کا مستقبل

اس رسالہ میں حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ اور حضرت مولانا ابوالکلام آزادؒ کے بعض مضامین کو یکجا کیا گیا ہے جو تحریکِ آزادی کے مختلف ادوار کے بارے میں ہیں اور بے حد معلومات افزا اور بصیرت افروز ہیں۔ جناب کریم ابڑو نے الخادم المدنی اشاعت گھر، بڑا محلہ نصیر پور تعلقہ ٹنڈو الہ یار ضلع حیدر آباد سندھ کی طرف سے یہ رسالہ شائع کیا ہے اور اس کی قیمت ۵ روپے ہے۔

© rasailojaraid.com